بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

Rampur State Gazette.

نمبر ۲ { مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۰ رمضان المبارک ۱۳۵۲ھ مطابق ۱۳ جنوری ۱۹۳۴ء } جلد ۲

حصہ اوّل

خلاصہ احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	اضافہ تنخواہ کرنل اعجاز علیخان بہادر۔	۲	(۴)	مستقلی سپرنٹنڈنٹ صاحب پولیس۔	۳
(۲)	رخصت صاحب آنریری منسٹر بہادر۔	۲	(۵)	اضافہ اوستاد سہراب خان۔	۵
(۳)	انتظام کام صاحب ریونیو منسٹر بہادر و صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر۔	۲	(۶)	انتظام و تغیر صاحبان صیغہ افواج [illegible]۔	۴ و ۵
			(۷)	رخصت صاحب چیف انجنیر بہادر۔	۶

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار۔ ۳ر جنوری ۱۹۳۳ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ لفٹنٹ کرنل امتیاز علیخان بہادر کمانڈنگ افیسر تھرڈ رامپور فیسٹ انفنٹری کی موجودہ تنخواہ سو روپیہ ماہوار میں مبلغ ایکسو روپیہ ماہانہ کا اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔ بجٹ آرمی ہیڈ کوارٹرز کی مد مشاہرات میں مبلغ دو ہزار روپیہ کی گنجایش ہے اس لئے اس اضافہ سے کسی قسم کا مزید بار نہ پڑیگا۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ آرمی ہیڈ کوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری ہو۔

بنشائے حکم ہمایون سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور آرمی ہیڈ کوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔ ۴ر جنوری ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار۔ واقع ۱۰ر جنوری ۱۹۳۳ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ صاحب آرمی منسٹر بہادر کی رخصت اتفاقیہ دو یوم ۱۴ر و ۱۵ر جنوری ۱۹۳۳ء منظور کیجاتی ہے۔ ۱۳ر جنوری ۱۹۳۳ء کو صبح کا کام ختم کرنیکے بعد روانگی لکھنؤ کی اجازت ہے۔ اس زمانہ میں صاحب آرمی منسٹر بہادر کا کام بدولت و اقبال بنفس نفیس خود انجام دینگے۔

حکم ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ آرمی ہیڈ کوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری ہو۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ بعد اجرائے احکام کاغذات صاحب آرمی منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہون۔

۱۰ر جنوری ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر۔

روبکار۔ واقع ۱۰ر جنوری ۱۹۳۳ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ ۱۱ر جنوری ۱۹۳۳ء کو صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر اور صاحب ریونیو منسٹر بہادر بکار سرکار کلکتہ جائینگے ۲۲ر جنوری ۱۹۳۳ء کو واپسی ہوگی۔ ایام سفر میں صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کا کام صاحب چیف جسٹس بہادر اور صاحب ریونیو منسٹر بہادر کا کام صاحب ریونیو سکریٹری بہادر انجام دینگے۔

حکم ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

بنشائے حکم ہمایون سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ ۱۰ر جنوری ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر۔

روبکار۔　　۱۱ جنوری ۱۹۳۳ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

کاغذات متعلقہ ملاحظہ ہوئے۔ بنشاء روبکار مجریہ ۳۰ ستمبر ۱۹۳۲ء منشی امجد علی خان کو امتحاناً تین ماہ کے لئے سپرنٹنڈنٹ پولیس مقرر کیا گیا تھا۔ اور مبلغ ایک سو روپیہ ماہوار الاؤنس عطا کیا گیا تھا۔ مدت امتحان ۳۰ دسمبر ۱۹۳۲ء کو ختم ہو گئی۔ کام قابل اطمینان طریقہ پر انجام دیا۔ لہذا ۳۰ دسمبر ۱۹۳۲ء ختم مدت امتحان سے منشی امجد علی خان کو مستقل سپرنٹنڈنٹ پولیس کیا جاتا ہے مبلغ سو روپیہ ماہوار الاؤنس شامل تنخواہ کیا جائے۔ اب وہ عہدہ سپرنٹنڈنٹ پولیس کے مبلغ دو سو روپیہ ماہوار تنخواہ پائیں گے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتۂ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہ ہو۔

بنشائے حکم ہمایون سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔

۱۱ جنوری ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار۔　　واقع ۱۱ جنوری ۱۹۳۳ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بنظر پرورش و قدما نوازی محمد حسن خان عرف استاد سہراب خان کی موجودہ تنخواہ میں یکم جنوری ۱۹۳۳ء سے مبلغ پچاس روپیہ ماہوار اضافہ دیا جانا منظور رہے۔

مبلغ ایکہزار دو سو اٹھانوے روپیہ دس آنہ کی رقم منتقل ہو کر اجلاس ہمایوں میں بنشائے روبکار مجریہ تاریخ امروزہ آئی ہے۔ اضافہ مذکورہ بالا کے لئے تا ختم سال رواں مبلغ یکسو پچاس روپیہ کی منتقلی بحیثیت مصاحبین کی مد مشاہرات میں منظور کیجاتی ہے۔ منتقل رقم کا اجلاس ہمایون سے نوٹ کر لیا جائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتۂ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہ ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

بنشائے حکم ہمایون سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

۱۱ جنوری ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار:- ۱۴ جنوری ۱۹۳۳ء

حضور بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں:-

(۱) لفٹنٹ کرنل امتیاز علیخاں بہ تنخواہ موجودہ دو سو روپیہ ماہوار کمانڈنگ افسر فورث مقرر کئے جاتے ہیں تھرڈ رامپور رفعت انفنٹری اور توپ خانہ کے کمانڈ افسر بدستور رہیں گے۔

(۲) لفٹنٹ کرنل عبد الحکیم خاں نواب والسعید بہادر کے یہاں سے تبدیل ہو کر بمشاہرہ ایکسو پچاس روپیہ ماہوار اسسٹنٹ کمانڈنگ فورث مقرر کئے جاتے ہیں۔

(۳) کپتان الطاف احمد خان اسسٹنٹ کمانڈنگ فورث ایڈی سی کے عہدہ پر باضافہ ۲۵ ماہوار واپس کئے جاتے ہیں۔

(۴) لفٹنٹ عبد القیوم خاں کو کپتان کا رینک عطا کیا جاتا ہے اور وہ باضافہ ۱۵ ماہوار کمانڈنگ فورث خاصباغ مقرر کئے جاتے ہیں۔

(۵) کپتان عبد القادر خاں بہ تنخواہ موجودہ اسسٹنٹ کمانڈنگ فورث خاصباغ مقرر کئے جاتے ہیں۔

(۶) چونکہ کپتان عبد القیوم خان اور کپتان عبد القادر خان دو افسران فورث خاص باغ میں تعینات ہیں اس لئے صاحب ملٹری سکرٹیری بہادر ان افسران سے "ایڈی سی" کی ڈیوٹی بھی لیا کریں۔

(۷) لفٹنٹ مشکور علیخاں ایڈی سی اور لفٹنٹ احمد رضا خاں ایڈی سی کو کپتان کا رینک عطا کیا جاتا ہے اور کپتان مشکور علیخاں کی تنخواہ موجودہ میں ۲۵ ماہوار اور کپتان احمد رضا خاں کی تنخواہ موجودہ میں ۲۵ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔

(۸) سکنڈ لفٹنٹ صاحبزادہ سید رشید علیخاں بہادر فرسٹ رامپور رضا انفنٹری سے تبدیل ہو کر باضافہ ۲۵ ماہوار یعنی ایکسو روپیہ ماہانہ پر بجائے رینک لفٹنٹ ایڈی سی مقرر کئے جاتے ہیں (کیوری ٹریننگ کا صاحب ملٹری سکریٹری بہادر انتظام کریں)

(۹) لفٹنٹ صاحبزادہ سید رشید علیخاں بہادر کی جگہ خالی رہی۔ اس جگہ پر شریف الحسن خاں برادر کپتان احمد رضا خان ایڈی سی کو "کیڈیٹ" مقرر کیا جاتا ہے۔ جب تک ٹریننگ حاصل کریں ایام ٹریننگ میں پچاس روپیہ ماہوار الاؤنس ملے گا۔

(۱۰) کپتان ذاکر حسین ایڈی سی جو اسسٹنٹ کنٹرولر باڈی گارڈ کی خدمات پر مامور ہیں انکی موجودہ تنخواہ ایکسو روپیہ ماہوار میں مبلغ ۲۵ ماہوار اضافہ کیا جاتا ہے

(۱۱) عاشق حسین خاں بمشاہرہ دو سو روپیہ ماہوار بجائے رینک سکنڈ لفٹنٹ ایڈی سی مقرر کئے جاتے ہیں۔ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر روزانہ ٹریننگ کے لئے لائن میں بھیجنے کا انتظام کریں قاعدہ پر یڈ کی ٹریننگ انفنٹری و کیولری دونوں کی مثل دیگر ایڈی سی کے ہونا چاہئے۔

(۱۲) اس روبکار کے بموجب جو اضافے اور رینک عطا کئے گئے ہیں انکا عملدرآمد یکم جنوری ۱۹۳۳ء سے ہوگا۔ اور تبادلے اور ڈیوٹی پر تاریخ اجرائے روبکار سے عملدرآمد ہوگا۔ نیز بموجب حسابی تقابل کے جو کمی بیشی کی گئی ہے اس کا عملدرآمد بھی یکم جنوری ۱۹۳۳ء سے ہوگا۔ صرف لفٹنٹ کرنل امتیاز علیخاں کے اضافہ کا عملدرآمد بموجب روبکار اجلاس ہمایوں مجریہ ۱۴ جنوری ۱۹۳۳ء ہوگا۔

(۱۳) جملہ افسران مندرجہ روبکار کو آرمی ہیڈکوارٹرز سے تنخواہیں ملتی ہیں۔ صرف بموجب نمبر (۲) روبکار ہذا لفٹنٹ کرنل

عبدالحکیم خان کو بجٹ نواب ولیعہد بہادر سے وبموجب نمبر ۱۰ لفٹنٹ صاحبزادہ سید رشید علیخان بہادر کو بجٹ فرسٹ رامپور رضا انفنٹری سے اور بموجب نمبر ۱۱ سکنڈ لفٹنٹ عاشق حسین خان کو بجٹ انعام وعنایات سے تنخواہیں ملتی رہیں۔ آیندہ سے ان تینوں افسران کو بھی بجٹ آرمی ہیڈ کوارٹرز سے مثل دیگر افسران کے تنخواہیں ملیں گی۔

حسابی تقابل

آرمی ہیڈ کوارٹرز کی مد مشاہرات میں مبلغ ـــــ ۰

(دو ہزار روپے) کی بچت ہے

(۱) ۲۰ر جنوری سنہ ۱۹۳۴ء کو بموجب روبکار اجلاس ہمایوں لفٹنٹ کرنل امتیاز علیخان کی تنخواہ میں ایک سو روپیہ ماہوار کا اضافہ ہوا۔ تا ختم سال رواں تین ماہ کے لئے مبلغ ۲۹۰؎ دو سو نوے روپیہ چھ آنہ ہوتے ہیں مبلغ دو ہزار ۲۰۰۰؎ روپیہ میں سے دو سو نوے روپیہ چھ آنہ منہا کرنے کے بعد بجٹ آرمی ہیڈ کوارٹرز میں خالص بچت رہی ۱۷۰۹؎

(۲) بجٹ نواب ولیعہد بہادر میں بابت تنخواہ لفٹنٹ کرنل عبدالحکیم خان بحساب تین سو روپیہ ماہوار ختم سال رواں تک تین ماہ کے لئے باقی بچے ...... سمار

(۳) بابت تنخواہ سیکنڈ لفٹنٹ عاشق حسین خان بجٹ انعام وعنایات میں بحساب ۔۔ ماہوار تین ماہ کے باقی بچے .... معار

(۴) بابت تنخواہ لفٹنٹ صاحبزادہ سید رشید علیخان بہادر بجٹ فرسٹ رامپور رضا انفنٹری میں بحساب ۔۔ ماہوار تین ماہ کے باقی بچے .... ۔۔

کل میزان رقم بچت ۔۔

(۵) بموجب روبکار ہذا جسقدر تنخواہیں معہ اضافوں کے بجٹ آرمی ہیڈ کوارٹرز میں منتقل ہوئی ہیں۔ ان کی مجموعی تعداد چھ سو بائیس روپیہ ماہانہ ہے لہذا برائے تین ماہ تا ختم سال ۔۔ کی ضرورت ہوگی۔ ۔۔ کی بچت مد مشاہرات بجٹ آرمی ہیڈ کوارٹرز میں بموجب نمبر ۱ تقابل حسابی ہے۔ صرف ۔۔ کی کمی ہے لہذا ۔۔ بقدر کمی مد مشاہرات فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کا سے بمد مشاہرات آرمی ہیڈ کوارٹرز منتقل ہوں۔

(۶) بقیہ رقم ۔۔ بصراحت ذیل بحساب اجلاس ہمایوں کی مد مشاہرات میں منتقل کیجائے۔

الف بجٹ نواب ولیعہد بہادر .... سمار

ب ۔ بجٹ انعام وعنایات .... معار

ج ۔ بقیہ رقم بجٹ فرسٹ رامپور رضا انفنٹری ... ۔۔

۔۔

یہ رقم بدون حکم مابدولت واقبال صرف نہ ہوگی۔

اجلاس ہمایوں میں منتقلی رقوم کا نوٹ کر لیا جائے

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس ارسال ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

بمنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

۱۱ر جنوری سنہ ۱۹۳۴ء

(دستخط) ۔۔

حکم:—

واقع ۱۰ جنوری ۱۹۳۲ء

مزید عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر
بامید عطائے منظوری رخصت اتفاقیہ چار یوم
از ۹ لغایت ۱۲ جنوری ۱۹۳۲ء مسٹر ...
صاحب چیف انجنیر بہادر (مسٹر ...) جو اپنے
عیال کے بیماری کے باعث ایام تعطیلات
۶ لغایت ۸ جنوری ۱۹۳۲ء کی اجازت
لیکر دہلی گئے تھے۔ اور مزید رخصت کیلئے
انہوں نے تار بھیجا ہے

بموجب رپورٹ صاحب چیف انجنیر بہادر کی چار یوم کی
رخصت اتفاقیہ از ۹ تا ۱۲ جنوری ۱۹۳۲ء منظور کیجاتی
ہے۔ کاغذات برائے کارروائی ضابطہ صاحب چیف
منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

بمنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ
جاری ہوں۔

۱۱ جنوری ۱۹۳۲ء دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر